**AQF / Tausif**

**16-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم بن الحسین کے ساتھ عمّان میں وفد کی سطح کی بات چیت کی۔ اِس دوران، وزیر اعظم نے دہشت گردی، انتہا پسندی اور بنیاد پرستی کے خلاف اُردن کے مضبوط موقف کی ستائش کی۔

2- مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت، تین اعشاریہ دو فیصد کی عالمی شرح نمو کے برعکس 8 اعشاریہ دو فیصد کی شرح نمو کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت ہے۔

3- قومی جانچ ایجنسی NIA نے پہلگام دہشت گرد حملے کیس میں 7 ملزمین کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے۔

4- بھارت کی بے روزگاری کی شرح نومبر کے مہینے میں گھٹ کر 4 اعشاریہ سات فیصد ہوگئی ہے، جوکہ اپریل سے نچلی ترین شرح ہے۔

5- ملک، سال 1971 کی پاکستان کے خلاف جنگ میں بھارت کی فتح کی یاد میں آج وِجے دوس منا رہا ہے۔

6- اور 19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کرکٹ میں آج صبح دُبئی میں بھارت کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM JORDAN VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل **Amman** میں بھارت اور اُردن کے درمیان قریبی شراکت داری کی نشاندہی کرتے ہوئے اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم بن الحسین کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کی، جبکہ دونوں ملک سفارتی تعلقات کے 75 برس پورے ہونے کا جشن منانے کیلئے تیار ہیں۔

وزیراعظم مودی نے دہشت گردی، انتہا پسندی اور بنیاد پرستی کے خلاف اُردن کے پُرعزم موقف کی تعریف کی اور اس بات پر زور دیا کہ بھارت اور اردن دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ایک مشترکہ لائحہ عمل ساجھا کریں۔

**Byte: PM**

2015 میں اقوام متحدہ کی کانفرنس کے موقع پر اپنی پہلی بات چیت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ باہمی تعاون کے دیگر شعبوں کے ساتھ اس شعبے میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔

اردن کے شاہ نے بھی دہشت گردی سے نمٹنے میں بھارت کی کوششوں کیلئے اردن کی پرزور حمایت کا اعادہ کیا۔

**V-C Vinod Kumar**

دونوں لیڈروں نے تجارت و سرمایہ کاری، دفاع اور سیکیورٹی کے علاوہ قابل تجدید توانائی، کھادوں اور زراعت ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل ٹیکنولوجیز ، اہم معدنیات، بنیادی ڈھانچے۔ حفظان صحت و دوا سازی، تعلیم سیاحت اور وراثت کے ساتھ ساتھ عوام سے عوام کے درمیان تعلقات سمیت کثیر جہتی شعبوں میں تعاون بڑاھانے پر تبادلۂ خیال کیا۔

اردن، بھارت کا تیسرا سب سے بڑا تجارتی ساجھے دار ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت 2 پوائنٹ 8 ارب ڈالر کے بقدر ہو گئی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے اردن کے ڈیجیٹل ادائیگی نظام اور بھارت کے یونیفائڈ ادائیگی انٹرفیس کے درمیان اشتراک کی ضرورت پر زور دیا۔ اردن بھارت کے لئے کھادوں خصوصاً **Phosphates** کا اہم سپلائر رہا ہے اور دونوں ملکوں کی کمپنیاں **Phosphatic** کھادوں کی بھارت کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے اردن میں مزید سرمایہ کاری کے لئے بات چیت کر رہیں ہے۔

وزیر اعظم مودی نے خطے میں پائیدار امن کے حصول کی کوششوں کیلیے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔

دونوں لیڈروں نے خطے میں امن و استحکام بحال کرنے کی اہمیت کو دوہراتے ہوئے علاقائی ترقی اور عالمی امور کے مختلف پہلووں پر تبادلۂ خیال کیا۔

دبئی سے وِنود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کیلیے میں ..............................

PM Ethiopia

تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی دو روزہ دورے کے سلسلے میں آج شام ایتھوپیا کی راجدھانی عدیس ابابا پہنچیں گے۔ وزیر اعظم ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر **Abiy Ahmed** علی کے ساتھ باہمی تعلقات کے تمام پہلووں پر وسیع تر تبادلہ خیال کریں گے۔ عالمی جنوب میں شراکت داروں کی حیثیت سے وزیر اعظم کا دورہ دونوں ملکوں کے مشترکہ عزم کی توثیق کرے گا تاکہ قریبی دوستانہ تعلقات مستحکم کیے جا سکیں اور باہمی تعاون میں اضافہ ہو سکے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - Sushil Chandra Tiwari**

وزیر اعظم نریندر مودی کا ایتھوپیا کیلیے یہ پہلا دورہ ہوگا، لیکن اِس ماہ یہ افریقی براعظم کیلیے دوسرا دورہ ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی ایتھوپیا کے وزیر اعظم **Abiy** احمد علی کے ساتھ مذاکرات کریں گے۔ جنہیں عدیس ابابا میں باہمی اہمیت کے حامل امور کے تمام پہلوؤں پر نوبیل امن انعام سے نوازا گیا ہے، جو افریقی یونین کا ہیڈکوارٹر بھی ہے۔ **2023** میں بھارت کی جی-**20** کی صدارت کے دوران، افریقی یونین کو جی-**20** کے ایک مستقبل رکن کی حیثیت سے شامل کیا گیا تھا۔ یہ دورہ دونوں

*ملکوں کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرے گا۔ عالمی خطۂ جنوب میں شراکت داروں کی حیثیت سے درستی کو مستحکم کرنا اور باہمی تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔ ایتھوپیا عالمی جنوب اور افریقی تناظر میں ایک اہم اور بھروسے مند شراکت دار ہے۔*

*وزیر اعظم اپنے دو روزہ دورے کے دوران کئی اہم امور پر بات چیت کریں گے۔ توقع ہے کہ دونوں ملکوں کی قیادت بھارت سے سرمایہ کاری، زراعت، کانکنی، ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ، شمسی اتحاد اور سائبر سکیورٹی پر تبادلۂ خیال کرے گی، جو بات چیت کے ایجنڈے میں اہم شعبے ہیں۔*

*اپنے دورے کے دوران، دونوں رہنما علاقائی اور بین الاقوامی امور کا بھی جائزہ لیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے ایک مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔*

*عدیس ابابا سے سُشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................*

PM- Ethiopia History

بھارت اور ایتھوپیا کی تعلیم، ہنرمندی اور صلاحیت سازی کے شعبے میں شراکت داری کی ایک طویل تاریخ رہی ہے۔ بھارت مختلف اسکالرشپز کے ذریعہ ایتھوپیا کے طلباء اور پیشہ ور افراد کو اسکالرشپ اور تربیت کے مواقع فراہم کرتا رہا ہے۔ ایتھوپیا میں بھارتی سفیر انل کمار رائے نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ کئی صدور اور نائب صدور نے، جو ایتھوپیا میں بھارتی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرس یا رجسٹرارس کے عہدوں کے برابر ہیں، ICCR اور دیگر حکومت کی اسپانسر والی اسکالرشپ اسکیموں کے تحت بھارت میں تعلیم حاصل کی ہے۔ بھارتی ہوں یا ایتھوپیا کے شہری، دونوں وزیراعظم نریندر مودی کے دورے کا بے صبری سے انتظار کررہے ہیں۔

**Byte-Anil Kumar Rai Ambassader in Ethiopia**

LS Sitharaman

مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت، تین اعشاریہ دو فیصد کی عالمی شرح نمو کے برعکس 8 اعشاریہ دو فیصد کی شرح نمو کے ساتھ ترقی کرتے ہوئے دنیا کی سب سے تیزی بڑھنے والی بڑی معیشت بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر عالمی ادارہ موجودہ مالی سال میں بھارت کے اقتصادی منظر نامے میں اضافے کے رجحان کی جانب اشارہ کررہا ہے۔ وزیر خزانہ نے گذشتہ روز لوک سبھا میں مالی سال 2025-26 کیلئے بجٹ کے ضمنی مطالبات کے جواب میں یہ بات کہی۔ اپوزیشن کی جانب سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بھارت کے بارے میں منفی تبصرے پر جواب طلب کرنے پر اپوزیشن کی سرزنش کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے زور دیا کہ تین بڑی عالمی ایجنسیوں، DBRS، S&P اور R&I نے بھارت کی ریٹنگ میں اضافہ کیا ہے اور اِس طرح بھارت نے ناقدین کو غلط ثابت کیا ہے۔

**SB - Sitharaman**

اِس کے بعد، لوک سبھا نے مالی سال 2025-26 کے بجٹ کے ضمنی مطالبات کے پہلے Batch کو منظوری دے دی، جس کے تحت ایک لاکھ 32 ہزار کروڑ روپے کے مجموعی اضافی اخراجات کیلئے پارلیمنٹ کی منظوری طلب کی گئی ہے۔ ایوان

زیریں نے تخصیص سے متعلق Appropriation بل 2025 کو بھی منظوری دے دی۔×

NIA- Pahalgam Attack

قومی جانچ ایجنسی NIA نے کل جموں میں NIA کی خصوصی عدالت میں 22 اپریل کے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں ایک فرد جرم داخل کی ہے۔ ایجنسی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے پاکستان میں قائم لشکر طیبہ اور اُس کی حلیف جماعت دہشت گرد تنظیم کی حیثیت سے The Resistance Front (TRF) سمیت اِس کیس میں 7 ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔

NIA نے کہا ہے کہ پاکستان کی پشت پناہی والے دہشت گردوں نے مذہب کو بنیاد بنا کر لوگوں کو ہلاک کیا اور اس حملے میں 25 سیاح اور ایک مقامی شہری ہلاک ہوا۔

NIA نے اپنی چارج شیٹ میں کہا ہے کہ لشکر طیبہ کے سرغنہ حافظ سعید اور TRF کے سرغنہ حبیب اللہ ملک، جو ساجد جَٹ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، پہلگام میں Baisaran کے سبزہ زار میں 22 اپریل کے حملے کی منصوبہ بندی کرنے اور اُسے انجام دینے میں ملوث تھے۔ چارج شیٹ میں تین پاکستانی دہشت گردوں، فیصل Jatt عرف سلیمان شاہ، حبیب طاہر عرف جبران اور حمزہ افغانی کی نشاندہی کی گئی ہے، جنہوں نے مذہب کی بنیاد پر لوگوں کو ہلاک کیا۔ یہ تینوں دہشت گرد 29 جولائی کو سری نگر کے نزدیک Dachigam میں آپریشن مہادیو کے دوران سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران مارے گئے تھے۔

ایجنسی نے بھارت کے خلاف دو ملزموں پرویز احمد اور بشیر احمد Jother کے خلاف بھی چارج شیٹ داخل کی ہے، جنہیں دہشت گردانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں کو پناہ دینے کیلئے جون میں گرفتار کیا گیا تھا۔×

J&K Sog Udhampur

جموں وکشمیر کے اُدھم پور ضلع میں کل شام ایک مسلح جھڑپ کے دوران اسپیشل آپریشن گروپ کا ایک جوان شہید ہوگیا، جبکہ ایک دہشت گرد کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے۔ شہید جوان کی شناخت امجد پٹھان کے طور پر ہوئی ہے۔ گولی باری میں اسپیشل آپریشن گروپ کے دیگر دو جوان زخمی ہوئے ہیں۔×

Unemployment Data - NOV

بھارت کی بے روزگاری کی شرح نومبر کے مہینے میں گھٹ کر 4 اعشاریہ سات فیصد ہوگئی ہے، جوکہ 15 سال اور اُس سے زیادہ عمر کے افراد میں بے روزگاری کی اپریل سے نچلی ترین شرح ہے۔ شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے افرادی قوت اور بے روزگاری سے متعلق ماہانہ اعداد و شمار کے مطابق، دیہی بے روزگاری گھٹ کر 3 اعشاریہ نو فیصد اور شہری بے روزگاری گھٹ کر ساڑھے چھ فیصد ہوگئی ہے، جوکہ اِس سال درج کی گئی سب سے کم شرح کے برابر ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Prez-Winter Sojourn

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے کرناٹک، تمل ناڈو اور تلنگانہ کا 7 دن کا دورہ کریں گی۔ کرناٹک میں صدر جمہوریہ آج Malavalli میں آدی جگت گرو سری Shivarathreeshwara شیوا یوگی مہاسوامی جی کی ایک ہزار 66 ویں جینتی تقریبات کا افتتاح کریں گی۔

صدر جمہوریہ کل تمل ناڈو جائیں گی، جہاں وہ گولڈن ٹیمپل وِلّور کا درشن اور آرتی کریں گی۔ بعد میں وہ سرمائی قیام کیلئے راشٹرپتی Nilayam، Bolarum اور سکندرآباد پہنچیں گی۔ صدر جمہوریہ پبلک سروس کمیشن کے چیئرپرسن کیلئے قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی، جس کا اہتمام جمعہ کو حیدرآباد میں تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کی طرف سے کیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ مرمو ایک کانفرنس سے بھی خطاب کریں گی، جس کا عنوان ہے ''بھارت کی لازوال بصیرت : امن اور ترقی کی راہیں''۔ اس کا اہتمام برہماکماری شانتی سرووَر کی 21 ویں سالگرہ کے موقع پر اُس کی طرف سے ہفتے کو حیدرآباد میں کیا گیا ہے۔×

WB Uni Bill - Returns

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مغربی بنگال یونیورسٹی قوانین ترمیمی بل 2022 کو منظوری دینے سے انکار کردیا ہے۔ اِس بل کے تحت وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کو سبھی ریاستی یونیورسٹیوں کا چانسلر بنانے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ موجودہ نظام کے مطابق، مغربی بنگال کے گورنر سی وی آنندا بوس، سبھی ریاسی یونیورسٹیوں کے چانسلر ہیں۔×

LS Viksit Bharat Bill

لوک سبھا میں گذشتہ روز پیش کیا گیا وکست بھارت شِکشا اِدھِشٹھان بل 2025 مزید جانچ پڑتال کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، JPC کو بھیج دیا گیا ہے۔ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے اِس بل کو ایوان میں پیش کیا۔ البتہ اپوزیشن کے اراکین نے بل کو پیش کرنے کی مخالفت کی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ کے دوران کئی اراکین پارلیمنٹ نے بل پر وسیع تر صلاح ومشورے کیلئے زور دیا تھا۔

جناب رجیجو نے کہا کہ اُن اراکین پارلیمنٹ کی درخواست پر غور کرتے ہوئے حکومت نے وسیع تر صلاح ومشورے کیلئے اِس بل کو JPC کو بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جناب رجیجو نے کمیٹی کے قیام کیلئے اراکین مقرر کرنے کی اسپیکر سے درخواست کی۔

وکست بھارت شِکشا اِدھِشٹھان بل 2025 بل کا مقصد، یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کو درس و تدریس، تحقیق اور جدت طرازی کیلئے بااختیار بنانا ہے۔×

LS - Nuclear Energy

لوک سبھا میں نیوکلیائی توانائی کی پائیدار افزودگی اور ترقی سے متعلق ٹرانسفورمنگ اِنڈیا بل **2025** کل پیش کیا گیا۔ نیوکلیائی توانائی کے وزیرِمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہ بل پیش کیا۔ بل کا مقصد ہم وطنوں کی بہبود کیلئے بجلی پیدا کرنے کیلئے نیوکلیائی توانائی اور تابکاری کی ترقی کرنا ہے۔ بل میں نیوکلیائی توانائی کے محفوظ استعمال کیلئے انضباطی لائحہ عمل وضع کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ یہ بل، نیوکلیائی توانائی کے ریگولیٹری بورڈ اور نیوکلیائی توانائی سے متعلق ریڈریسل ایڈوائزری کونسل کے قیام کی گنجائش رکھتا ہے۔ اِس بل میں جوہری حادثے کی صورت میں مرکزی حکومت کی ذمہ داری طے کرنے کی گنجائش بھی موجود ہے۔ اپوزیشن جماعتوں نے اِس بل کو متعارف کیے جانے کی مخالفت کی۔×

WB SIR

مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظرثانی کی مہم **SIR** کے پہلے مرحلے کے تحت، ووٹروں کی فہرستوں کا مسودہ آج شائع کیا جائے گا۔ ووٹروں کی فہرستوں کا مسودہ شائع کرنے سے قبل، کمیشن نے ووٹرس کے خصوصی مشاہدین مقرر کئے ہیں جو ریاست کے کئی آسمبلی حلقوں میں اِس کام کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں۔×

Vijay Diwas

قوم آج **1971** کی جنگ میں پاکستان پر بھارت کی شاندار جیت کیلئے وِجے دِوس کی تقریب منارہا ہے۔ اِس دن ہر سال قوم اُن بہادروں کی عظیم قربانی کو یاد کرتا ہے، جن کی داستانیں ہر بھارتی کو تحریک دیتی ہیں اور قومی عظمت کا ایک وسیلہ رہی ہیں۔ **1971** میں آج ہی کے دن پاکستانی فورسز کے سربراہ جنرل اے اے خان نیازی نے اپنی **93** ہزار فوجوں کے ساتھ بھارتی فوج اور مکتی **Bahini** پر مشتمل اتحادی فورسز کے سامنے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈالے تھے۔ اس جنگ کے خاتمے کے نتیجے میں مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن گیا تھا۔×

Bangladesh Victory Day

بنگلہ دیش آج یوم فتح منائے گا۔ یہ دن بنگلہ دیش کیلئے بے حد قیمتی ہے، کیونکہ آج ہی کہ دن بنگلہ دیش سال **1971** میں **9** مہینے طویل خونی جنگ کے بعد، پاکستانی قبضے سے آزاد ہوا تھا۔ اِس دوران بنگلہ دیش، سال **1971** میں قابض پاکستانی افواج سے مادر وطن کو آزادی دلانے کیلئے عظیم قربانیاں دینے والوں کے خوابوں اور اُمنگوں کو حقیقت میں بدلنے کے اپنے عزم کی تجدید کرے گا۔×

Government-Hajj Advisory

اقلیتی امور کی وزارت نے بھارتی پرائیویٹ عازمین حج کو مشورہ دیا ہے کہ وہ **2026** کے حج کیلئے جلد درخواست دیں اور صرف مجاز حج گروپ منتظمین کو ہی چنیں۔ **2026** کے حج سے متعلق سعودی عرب کی سلطنت کی حج اور عمرہ کی وزارت کی طرف سے جاری کی گئی ایڈوائزری کے پیش نظر اقلیتی امور کی وزارت نے لوگوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اگلے ماہ کی **15**

تاریخ کو یا اس سے پہلے اپنی بکنگ کی تمام کارروائیاں مکمل کرلیں، تاکہ آخری وقت کی دقتوں سے بچا جاسکے اور سبھی لازمی عمل کو بروقت مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔×

Delhi Fog

قومی راجدھانی دلّی میں آج کہر کی دبیز چادر چھائی ہوئی ہے، جس سے فضائی اور ٹرین خدمات میں رخنہ پڑا ہے۔ دلّی کے رہائشوں کو آج صبح سویرے سے کہر کے ساتھ ساتھ سرد لہر کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دلّی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر کہر کی وجہ سے کئی پروازوں پر تاخیر ہوئی ہے۔ مسافروں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ متعلقہ ایئر لائنز سے پروازوں کی تازہ ترین معلومات حاصل کرلیں۔ نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر کئی ٹرینیں بھی تاخیر سے چل رہی ہیں۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق، نئی دلّی میں آج صبح 6 بجے درجۂ حرارت 11 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔×

IMD-Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج مدھیہ پردیش اور اترپردیش میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور پنجاب میں دھند اور کہرا چھائے رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ شمال مغربی بھارت میں اگلے دو دنوں کے دوران کم سے کم درجہ حرارت میں دو ڈگری سیلسیس کی بتدریج کمی آئے گی۔ اس دوران راجدھانی خطہ دلّی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ بدستور خراب زُمرے میں ہے۔×

Army Fast Tracks

بھارتی فوج نے زمینی سسٹم کی سودیسی ڈرون صلاحیتوں کو تیزتر کرنے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ معاہدہ سکندر آباد کے 515 آرمی Base ورکشاپ کے تعاون اور تال میل کے ذریعہ کیا گیا۔ اِس ساجھیداری کے ذریعہ ڈرون ٹیکنالوجیز کی جانچ سے لے کر اُن کے استعمال اور اُس میں تیزی لانے کی راہ ہموار ہوگی۔ یہ بھارت کی کارروائی جاتی ضرورتوں اور مینوفیکچرنگ کے گھریلو اہداف سے مطابقت رکھتا ہے۔ آرمی Base ورکشاپ کے ذریعہ اشتراک سے متعلق تال میل قائم کیا جائے گا۔×

Cricket-U-19

19 سال سے کم عمر کے ایشیاء کپ کرکٹ میں آج دبئی کے Sevens اسٹیڈیم میں بھارت اپنے گروپ مرحلے کے تیسرے میچ میں ملیشیا سے مقابلہ کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دَس بجے شروع ہوگا۔
ایشیاء کی کُل 8 ٹیمیں دو گروپوں میں ایک دوسرے کا سامنا کررہی ہیں۔ بھارت متحدہ عرب امارات، پاکستان اور ملیشیاء کے ساتھ گروپ-اے میں ہے، جبکہ بنگلہ دیش، سری لنکا، افغانستان اور نیپال گروپ- بی میں ہیں۔ دونوں گروپوں کی چوٹی دو ٹیمیں سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کریں گی، جبکہ اتوار کو فائنل میچ کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: اسعد اللہ

شکریہ ۔ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اپنے تین ملکوں کے سرکاری دورے کے پہلے مرحلے میں اردن دورے کی خبر کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔ اخبار نے لکھا کہ جناب مودی کا یہ دورہ بھارت کیلئے انتہائی اہم ہے اور ان ممالک کے ساتھ بھارت کے مضبوط تجارتی اور اقتصادی روابط ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی UAE کے نائب وزیر اعظم عبداللہ بن زائد النہیان سے ملاقات کی خبر کو صفحۂ اوّل پر جگہ دیئ ہے ۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اس ملاقات سے متحدہ عرب امارات اور بھارت کے درمیان تعلقات کو فروغ ملے گا۔

روزنامہ پرتاپ لوک سبھا میں اپوزیشن پارٹیوں کی ہنگامہ آرائی کے باوجود جوہری توانائی کے استعمال سے متعلق 'امن بل2025' پیش ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ اس بل کا مقصد جوہری توانائی کو فروغ دینا اور عوامی بہبود کیلئے حکمت عملی وضع کرنا ہے۔

شمالی بھارت دھند کی گرفت میں، کہرے کی وجہ سے دلی میں کئی پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے نمایاں کیاہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اِس طرح ہیں:

- ☆ سعودی عرب اور چین کے درمیان ویزے سے متعلق معاہدہ۔
- ☆ سڈنی حملے میں لوگوں کی جان بچانے والے احمدالاحمد کی پوری دنیا میں ستائش۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے اُردن کے شاہ عبداللہ دوئم بن الحسین کے ساتھ عمّان میں وفد کی سطح کی بات چیت کی۔ اِس دوران، وزیر اعظم نے دہشت گردی، انتہا پسندی اور بنیاد پرستی کے خلاف اُردن کے مضبوط موقف کی ستائش کی۔

2- مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت، تین اعشاریہ دو فیصد کی عالمی شرح نمو کے برعکس 8 اعشاریہ دو فیصد کی شرح نمو کے ساتھ ترقی کرنے والی معیشت ہے۔

3- قومی جانچ ایجنسی NIA نے پہلگام دہشت گرد حملے کیس میں 7 ملزمین کے خلاف فرد جرم داخل کی ہے۔

4- بھارت کی بے روزگاری کی شرح نومبر کے مہینے میں گھٹ کر 4 اعشاریہ سات فیصد ہوگئی ہے، جوکہ اپریل سے نچلی ترین شرح ہے۔

5- ملک، سال 1971 کی پاکستان کے خلاف جنگ میں بھارت کی فتح کی یاد میں آج وِجے دوس منا رہا ہے۔

6- اور 19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کرکٹ میں آج صبح دُبئی میں بھارت کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔